مسافرانِ آخرت

ادارہ

- محمد اسمٰعیل مرحوم: لاہور میں ہمارے قدیمی کرم فرما محترم محمد اعجاز صاحب کے نوجوان فرزند اور مجلس احرارِ اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ و عاملہ کے رکن جناب ملک محمد یوسف کے بھتیجے محمد اسمٰعیل ۱۰ر محرم کو اچانک انتقال کر گئے۔
- مولانا رفیق احمد صفدر رحمتہ اللہ علیہ: ماہنامہ ''صدائے ختم نبوت'' چناب نگر کے مدیر صاحبزادہ محمد قادری کے والد ماجد اور انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے مرکزی رہنما قاری شبیر احمد عثمانی (چناب نگر) کے چچازاد اور بہنوئی مولانا رفیق احمد صفدر (سرپرست جامعہ احسن المعارف حافظ والا شجاع آباد) ۱۳ر اکتوبر کو انتقال کر گئے۔
- پیر جی عبید الرحمٰن رحمتہ اللہ علیہ: مجلس احرار اسلام جھنگ کے ناظم قاری عزیز الرحمٰن صاحب کے والد ماجد پیر جی مولانا عبید الرحمٰن (ناظم مدرسہ علوم شرعیہ جھنگ) ۲۷ر اکتوبر کو انتقال کر گئے
- مرکز احرار مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی کے دیرینہ خدمت گزار حافظ محمد شریف کے بہنوئی سلطان محمود 6ر اکتوبر، جمعرات کو ٹریفک حادثے میں انتقال کر گئے۔
- مدرسہ عربیہ اسلامیہ بورے والا کے مہتمم مولانا عبدالرؤف نعمانی ۲ر نومبر ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئے۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

دعاءِ صحت

- مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم شدید علیل ہیں۔
- مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری کی پھوپھی صاحبہ اور سید محمد اویس بخاری (گوجرانوالہ) کی والدہ شدید علیل ہیں۔
- حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ کئی ماہ سے کومے میں ہیں
- مجلس احرار اسلام بہاول پور کے صدر قاری عبدالعزیز صاحب شدید علیل ہیں۔
- مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے صدر پیر محمد ابوذر صاحب شدید علیل ہیں۔
- مدرسہ معمورہ کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہے۔
- مجلس احرار اسلام لاہور کے کارکن ڈاکٹر ضیاء الحق صاحب کے والد ماجد محمد انور صاحب علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے کارکن اولیا خان شدید علیل ہیں
- مجلس احرارِ اسلام چشتیاں کے کارکن حافظ فاروق احمد شدید علیل ہیں

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)